(107) سورۃ الماعون

(مکی — کل آیات 7)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَرَاَیۡتَ الَّذِیۡ یُکَذِّبُ بِالدِّیۡنِ (1)

کیا آپ نے اس کو دیکھا جو روزِ جزا کو جھٹلاتا ہے۔

فَذٰلِکَ الَّذِیۡ یَدُعُّ الۡیَتِیۡمَ (2)

پس وہ وہی ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے۔

وَلَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الۡمِسۡکِیۡنِ (3)

اور مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا۔

فَوَیۡلٌ لِّلۡمُصَلِّیۡنَ (4)

پس ان نمازیوں کے لیے ہلاکت ہے۔

الَّذِیۡنَ ہُمۡ عَنۡ صَلَاتِہِمۡ سَاہُوۡنَ (5)

جو اپنی نماز سے غافل ہیں۔

الَّذِیۡنَ ہُمۡ یُرَآءُوۡنَ (6)

جو دکھلاوا کرتے ہیں۔

وَیَمۡنَعُوۡنَ الۡمَاعُوۡنَ (7)

اور برتنے کی چیز تک روکتے ہیں۔